**انڈویجوئل لینڈ**
انفرادی آزادی کے لئے کوشاں



# خاران

## کیا آپکو معلوم ہے؟

- آپ کے ضلع میں تعلیم کے شعبے کے لیے کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟
- صحت کی مد میں مختص کیئے جانے والے بجٹ کا استعمال کس طرح ہو رہا ہے؟
- امن وامان کی مد میں مختص کیا گیا بجٹ ضروریات کے مطابق ہے یا نہیں؟
- پانچ اہم شعبوں صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کی مد میں کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے؟

## تعلیم:

- ضلع خاران میں ۲۲۴ پرائمری اسکول اور ۳۰ مڈل اسکول خراب حالت میں ہیں۔
- اسکول میں کمپیوٹرز دستیاب نہیں ہیں۔
- اسکول لائبریری میں پینے کے صاف پانی کی ضرورت ہے اور نئ کتابوں کی کمی ہے۔

## 'شہریوں کا بجٹ 'تشکیل دینا

ضلعی بجٹ اور ضلعی بجٹ کی تقسیم کا تجزیہ کرنے کے بعد، خاران کے لوگوں نے خود اپنا بجٹ پیش کیا۔ان کی جانب سے جن ترجیحات کو نمایاں کیا گیا وہ یہ ہیں۔

## صحت:

- اسپتال کو مناسب مقدار میں ادویات فراہم کی جائیں۔
- بجلی کے استعمال کے بجٹ اضافہ کیا جانا چاہیئے۔
- ایمبولینسز کی مرمت اور مزید ایمبولینسز کی ضرورت ہے۔
- اسپتالوں کے لیے جدید آلات کی ضرورت ہے۔
- ڈاکٹروں کی تنخواہوں میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے۔

## تعمیر و ترقی:

- زرعی سرگرمیوں کے لیے شمسی پلانٹس فراہم کیے جائیں۔
- نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کی لائنوں کی ضرورت ہے
- اسٹریٹ لائٹس نصب کرنے کی ضرورت ہے
- اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔

## خواتین کی ترقی:

- قالین بافی کے مرکز میں خواتین طالبات کی تعداد بڑھائی جائے۔
- تمام مشینوں کو استعمال میں لایا جائے۔
- مشینری کی مرمت کے لئے مناسب بجٹ مختص کیا جائے۔
- قومی اور بین الاقوامی سطح پر خواتین کے پروگرام منعقد کرانے کی ضرورت ہے۔
- قالین بافی مراکز میں خواتین کے جدید آلات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

## امن وامان:

- گشت کے لیے استعمال کئے جانے والے ایندھن کے مختص کردہ بجٹ میں اضافہ کیا جائے۔
- ضلعی سرکٹ ہاؤس میں سیڑھیاں تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔
- پولیس اسٹیشنز کی عمارت کی مرمت کروانے کی ضرورت ہے۔
- پولیس اور لیویز کے لئے وردی کی ضرورت ہے۔

## تعلیم:

- ضلع خاران میں پرائمری اسکولز اور مڈل اسکولز کی عمارت کی مرمت کی جائے۔
- اسکولوں میں کمپیوٹرز فراہم کیے جائیں۔
- تعلیم کے لئے مناسب بجٹ مختص کیا جائے۔
- اسکول لائبریری میں پینے کے صاف پانی کی ضرورت ہے اور نئ کتابوں کی کمی ہے۔
- لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے پرائمری اسکولز قائم کرنے کی ضرورت ہے۔
- اساتذہ کو پیشہ ورانہ مہارت فراہم کرنے کے لئے انہیں تربیتی کورسز کروانے کی ضرورت ہے۔
- اسکولوں میں فرنیچر فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔
- اسکولوں کے لئے بسیں فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

## نوٹ:

**مندرجہ بالا تمام مطالبات خاران کے شہریوں نے ضلعی بجٹ کا موازنہ اور تجزیہ کرنے اور تحقیق کے بعد اپنی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے پیش کیے ہیں۔ان ضروریات کا مطالبہ انڈویجوئل لینڈ کی جانب سے نہیں کیا گیا۔**

Find us
Individualland
Individualland
Tel: 051-2253438
contact@individualland.com
www.individualland.com

بجٹ کی تمام تفصیلات جاننا آپ کا حق ہے کیونکہ بجٹ کے لیے مختص کی جانے والی رقم آپ کے ادا کیے گئے ٹیکسوں کے ذریعے جمع کی جاتی ہے۔

ہم میں سے بہت سے لوگ اس بات سے ناواقف ہیں کہ ضلعی انتظامیہ کس طرح ایک ضلع میں رقم خرچ کرتی ہے۔ تاہم انڈو یجوئل لینڈ پاکستان نے "بلوچستان میں بہتر گورننس اور احتساب کے لئے عوامی شرکت" کے نام سے بلوچستان کے بارہ اضلاع میں ایک مہم کا آغاز کیا ہے جس کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں۔

- ضلعی بجٹ کے بارے میں شہریوں میں آگاہی پیدا کرنا
- ضلعی انتظامیہ کے اخراجات کا تجزیہ کرنے کے لئے شہریوں کو متحرک کرنا
- ضلع کے شہریوں کے تعاون سے "شہریوں کا بجٹ" تشکیل دینا

## ۲۰۱۴-۲۰۱۵ کا بجٹ

صحت، تعلیم، خواتین کی ترقی، امن وامان اور تعمیر و ترقی کے شعبوں میں مختص کیے گئے بجٹ کی تفصیلات یہ ہیں۔

### برائے صحت:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| صحت کا کل بجٹ | ۹۸،۵۷۱،۸۰۰ روپے | ۱۷۸،۵۸۱،۹۲۰ روپے |
| ضلعی ہیلتھ آفیسر | ۳۴،۹۶۲،۰۰۰ روپے | ۸۲،۰۸۵،۱۰۰ روپے |
| ضلعی ہیلتھ کوارٹر | ۳۲،۲۲۲،۸۰۰ روپے | ۶۰،۰۲۰،۷۰۰ روپے |

### برائے تعلیم :

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| تعلیم کا کل بجٹ | ۳۳۸،۶۵۸،۳۰۰ روپے | ۳۹۹،۴۴۶،۶۰۰ روپے |
| انتظامی امور اور معائنہ | ۲۹،۴۵۱،۶۰۰ روپے | ۳۲،۴۱۰،۵۰۰ روپے |
| ثانوی تعلیم | ۸۰،۹۸۳،۵۰۰ روپے | ۹۹،۷۰۷،۴۰۰ روپے |
| گورنمنٹ انٹر کالج برائے طلباء | ۱۹،۸۷۴،۴۰۰ روپے | ۲۱،۲۲۹،۰۰۰ روپے |

### برائے تعمیر و ترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۱۷۷،۲۰۱،۵۰۰ روپے | ۲۱۴،۰۷۱،۱۲۶ روپے |
| ایگزیکٹو انجینئر / صوبائی بی اینڈ آر کے لئے سول ورکس | ۸،۳۸۲،۰۰۰ روپے | ۹،۹۱۹،۴۵۶ روپے |
| اے۔ون کی سڑک | ۴،۰۰۰،۰۰۰ روپے | ۴،۰۰۰،۰۰۰ روپے |

### برائے امن وامان:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۲۱۱،۶۸۰،۰۰۰ روپے | ۲۵۵،۹۲۳،۷۲۴ روپے |
| لیویز | ۶۹،۱۸۴،۰۰۰ روپے | ۷۷،۹۵۹،۲۰۰ روپے |
| جیلیں | ۲،۵۵۱،۳۰۰ روپے | ۲،۸۹۲،۶۰۰ روپے |

### خواتین کی ترقی:

| اخراجات کی مد | ۲۰۱۳-۲۰۱۴ | ۲۰۱۴-۲۰۱۵ |
|---|---|---|
| کل بجٹ | ۸،۲۸۶،۲۰۰ روپے | ۹،۱۵۸،۴۰۰ روپے |
| قالین بافی کا تربیتی مرکز | ۴،۷۹۷،۸۰۰ روپے | ۵،۲۶۱،۶۰۰ روپے |

## سوشل آڈٹ ٹیم تشکیل دینا

آپ کے ضلع کے بارہ شہریوں کے ساتھ تربیتی ورکشاپ کے سیشن میں ہم نے مل کر خاران کے ضلعی بجٹ کا تجزیہ کیا ہے۔ یہ بارہ شہری سوشل آڈٹ ٹیم ہیں جو کہ ہمارے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ سوشل آڈٹ ٹیم کو مندرجہ بالا پانچ شعبوں کے بجٹ کے بارے میں آگاہی فراہم کرنے کے بعد چار ٹیموں میں تقسیم کیا گیا۔ اس ٹیم کے اراکین نے سرکاری دفاتر میں جاکر معلومات لیں تاکہ مختص کردہ بجٹ جس مد میں مختص کیا گیا ہے کیا وہ کافی ہے؟ اور اس کا استعمال کس طریقے سے ہو رہا ہے؟

## سوشل آڈٹ ٹیم ارکان کی تحقیق کے نتائج

### صحت:

- اسپتال کو فراہم کی گئی ادویات ناکافی تھی۔
- بجلی کے استعمال کا بجٹ بھی ناکافی ہے۔
- ۱۴ ایمبولینسوں میں سے ۲ کی حالت ناقابل استعمال ہے۔

### تعمیر و ترقی:

- بجلی کی کمی کی وجہ سے زرعی سرگرمیاں متاثر ہوئی ہیں اور انہیں شمسی پلانٹ فراہم کرتے ہوئے بہتر کیا جاسکتا ہے۔

### خواتین کی ترقی:

- قالین بافی مرکز میں تربیت حاصل کرنے والے زیادہ تر مرد ہیں۔ ۲۵ طالب علموں میں سے صرف ۸ طالبات ہیں۔
- ۲۰ مشینوں میں سے صرف ۱۲ استعمال کی جارہی ہیں۔
- مشینری کی مرمت کے لئے مختص کیا گیا بجٹ ناکافی ہے جو قالین مرکز کی پیداوار کو متاثر کر رہا ہے۔

### امن وامان:

- پولیس گشت کے لیے استعمال کئے جانے والے ایندھن کے لئے مختص کیا گیا بجٹ ناکافی ہے۔
- تفریحی مقاصد کے لئے فراہم کردہ بجٹ وی آئی پیز خصوصاً ایم پی ایز اور ایم این ایز کی آمد پر خرچ ہو جاتا ہے۔
- ضلعی سرکٹ ہاؤس میں سیڑھیاں تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔